© rasailojaraid.com



## مرکزی جمعیت اہل حدیث کے ذیلی شعبہ ''جمعیت اساتذہ سلفیہ'' کے وفد کی جامعہ میں آمد

مورخہ 5 اگست بروز ہفتہ کو مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کے ذیلی شعبہ ''جمعیت اساتذہ'' کی ایک وفد کی صورت میں جامعہ علوم اثریہ جہلم میں آمد ہوئی جس میں پروفیسر عتیق اللہ عمر، پروفیسر عبدالرحمٰن لدھیانوی اور دیگر رہنما شامل تھے۔ اہل حدیث یوتھ فورس جہلم اور رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے جامعہ کے اساتذہ اور طلباء کے ہمراہ وفد کا استقبال کیا، اس موقع پر مختصر علمی نشست کا انعقاد ہوا، جس میں ''جمعیت اساتذہ سلفیہ'' کے مرکزی رہنماؤں نے خطابات کیے۔ نقابت کے فرائض مولانا قطب شاہ (مدرس جامعہ علوم اثریہ جہلم) نے سرانجام دیے۔ رئیس الجامعہ نے اپنے مختصر خطاب میں معزز مہمانوں کا جامعہ میں تشریف آوری پر شکریہ ادا کیا اور انہیں جہلم آمد پر خوش آمدید کہا۔ وفد کے اراکین نے جامعہ کی لائبریری اور دیگر شعبہ جات کا وزٹ کیا۔ جامعہ کی طرف سے تمام افراد کو کتب ورسائل کی صورت میں تحائف پیش کیے گئے۔ آخر میں مہمانوں کی ضیافت کی گئی۔ بعدازاں! رئیس الجامعہ اور جامعہ کے اساتذہ نے دعاؤں کے ساتھ وفد کو الوداع کہا اور اس کے ساتھ ہی یہ پروگرام نہایت خوش اسلوبی سے اپنے اختتام کو جا پہنچا۔

## جامعہ علوم اثریہ میں تقسیم انعامات تقریب کا انعقاد

جامعہ علوم اثریہ جہلم کے طلباء کے مابین ایک تحریری مقالے کا مقابلہ ہوا، جس کیلئے ''پیکر حسن و جمال ﷺ'' کے عنوان کا انتخاب کیا گیا تھا۔ طلباء نے بڑی دلچسپی سے اس مقابلہ میں حصہ لیا، ہر ایک طالب علم نے اپنی علمی استعداد کے مطابق قابل تحسین مقالہ تحریر کیا۔ مورخہ 26 اگست بروز اتوار کو اس مقابلہ کے نتائج کا اعلان کیا گیا جس میں جامعہ کے تمام اساتذہ شریک ہوئے اور بالخصوص طلباء کی حوصلہ افزائی کیلئے رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر حفظہ اللہ بھی تشریف لائے، شرکاء اور پوزیشن حاصل کرنے والے خوش نصیب طلباء کے درمیان انعامات تقسیم کیے۔ حافظ صاحب نے اس موقع پر طلباء کے علمی ذوق کو سراہا اور آئندہ کیلئے ایسے علمی پروگراموں کو جاری رکھنے کی تلقین کی۔ آخر میں جامعہ علوم اثریہ کے شیخ الحدیث مولانا سیف اللہ حفظہ اللہ کی دعا سے یہ شاندار تقریب اختتام پذیر ہوئی۔ درج ذیل طلبا نے پوزیشن حاصل کیں:

* اول: عرفان اللہ
* دوم: شاہ زیب عباس
* سوم: محمد اسماعیل



© rasailojaraid.com